**PRESS RELEASE**
For immediate release
April 1, 2026

**Punjab, SECP Launch Digital Integration of Motor Third Party Insurance with Route Permit System**

**ISLAMABAD, April 1:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), in collaboration with the Government of Punjab, the Central Depository Company (CDC), and the Insurance Association of Pakistan, marked the go-live of a major digital integration to enforce motor third party insurance in the province.

The ceremony was attended by SECP Chairman Dr. Kabir Ahmed Sidhu, Secretary Punjab Transport Authority Mr. Hassan Ahsan, and CEO CDC Mr. Badi-ud-Din. Also in attendance from the SECP were Commissioners Mr. Muzzafar Ahmed Mirza, Mr. Zeeshan Rehman Khattak, Mr. Imtiaz Haider, and Mr. Muhammad Ali Farid Khwaja; Executive Director Mr. Muhammad Asif Jalal Bhatti; and Directors Mr. Waseem Khan, Mr. Nasir Askar, and Mr. Muhammad Arshad, alongside senior officials from insurance companies and other stakeholders.

This initiative will directly benefit road users by ensuring that passengers, drivers, and third parties are financially protected and can receive timely compensation in case of road accidents.

Under this initiative, the Government of Punjab has made it mandatory for all public transport vehicles to obtain third-party motor insurance. All public transport route permits are now linked with this requirement, ensuring compliance before issuance and renewal.

Punjab has also digitized its Vehicle Route Permit Regime, which is now integrated with CDC's Motor Insurance Repository for real-time verification of insurance policies, enhancing transparency, enforcement, and ease of doing business.

Speaking at the ceremony, Chairman SECP Dr Kabir Sidhu stated that the initiative reflects a shift towards digital enforcement and highlights insurance as a critical tool for financial protection. He emphasized the need for timely compensation for accident victims and stronger road safety measures.

He noted that while the repository currently contains data of around one million insured vehicles, this remains low compared to nearly 30 million vehicles on the roads, underscoring the need to expand insurance coverage nationwide.

Dr. Kabir further highlighted the urgency of these measures by citing troubling safety statistics, noting that Pakistan reported 9,371 road accidents in 2023, resulting in 5,902 deaths and over 11,000 injuries. He maintained that according to the Punjab Excise and Taxation records, approximately 24 million vehicles were registered in Punjab alone as of March 31, 2024. This data

suggests a nationwide total of roughly 40 to 42 million vehicles, further emphasizing the critical need for a digitized, mandatory insurance framework to protect the public.

SECP is also working on reforms, including introducing a no-fault regime and strengthening enforcement through amendments in the Motor Vehicles Act, 1939, while aiming to increase insurance penetration from 0.8 percent to 1.5 percent.

## پنجاب پبلک ٹرانسپورٹ روٹ پرمٹ سسٹم انشورنس ریپوزٹری کے ساتھ انٹیگریٹ کر دیا گیا: ایس ای سی پی

**اسلام آباد، 1 اپریل:** سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے حکومت پنجاب، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (سی ڈی سی) اور انشورنس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے تعاون سے پنجاب میں پبلک ٹرانسپورٹ روٹ پرمٹ سسٹم کو سی ڈی سی کی انشورنس ریپوزٹری کے ساتھ کامیابی سے منسلک کر دیا ہے تاکہ موٹر تھرڈ پارٹی انشورنس کے مؤثر نفاذ کو یقینی بنایا جا سکے۔

اس سلسلے میں اسلام آباد میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو، سیکرٹری پنجاب ٹرانسپورٹ اتھارٹی جناب حسن احسن اور سی ای او سی ڈی سی جناب بدیع الدین نے شرکت کی۔ تقریب میں ایس ای سی پی کے کمشنرز مظفر احمد مرزا، ذیشان رحمان خٹک، امتیاز حیدر، محمد علی فرید خواجہ، ایگزیکٹو ڈائریکٹر محمد آصف جلال بھٹی، اور ڈائریکٹرز وسیم خان، ناصر عسکر اور محمد ارشد سمیت انشورنس کمپنیوں کے نمائندگان اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز نے بھی شرکت کی ۔ یہ اقدام سڑک استعمال کرنے والوں کے لیے انتہائی فائدہ مند ثابت ہو گا کیونکہ اس سے مسافروں، ڈرائیورز اور تیسرے فریق کو حادثات کی صورت میں مالی تحفظ اور بر وقت معاوضہ مل سکے گا۔

اس نئے نظام کے تحت حکومت پنجاب نے تمام پبلک ٹرانسپورٹ گاڑیوں کے لیے تھرڈ پارٹی موٹر انشورنس لازمی قرار دے دی ہے۔ اب روٹ پرمٹ کے اجرا اور تجدید کو انشورنس سے مشروط کر دیا گیا ہے تاکہ قانونی تقاضوں پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جا سکے۔

پنجاب نے اپنے وہیکل روٹ پرمٹ نظام کو مکمل طور پر ڈیجیٹلائز بھی کر دیا ہے، جسے سی ڈی سی کی انشورنس ریپوزٹری کے ساتھ مربوط کیا گیا ہے۔ اس کے ذریعے انشورنس پالیسیوں کی فوری تصدیق ممکن ہو گی، جس سے شفافیت، مؤثر نفاذ اور کاروبار میں آسانی پیدا ہو گی۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر سدھو نے کہا کہ یہ اقدام ڈیجیٹل نفاذ کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے اور انشورنس کو مالی تحفظ کے ایک مؤثر ذریعے کے طور پر فروغ دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حادثات کے متاثرین کو بر وقت معاوضہ فراہم کرنا اور سڑکوں کو محفوظ بنانا ہماری ترجیح ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت انشورنس ریپوزٹری میں تقریباً 10 لاکھ گاڑیوں کا ڈیٹا موجود ہے، جبکہ ملک میں تقریباً 3 کروڑ گاڑیاں ہیں، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انشورنس کوریج اب بھی محدود ہے اور اسے بڑھانے کی ضرورت ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ ایس ای سی پی نو فالٹ سسٹم متعارف کرانے اور موٹر وہیکل ایکٹ 1939 میں ترامیم کے ذریعے نفاذ کو مضبوط بنانے پر کام کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ادارہ انشورنس کی رسائی کو موجودہ تقریباً 0.83 فیصد سے بڑھا کر 1.5 فیصد تک لے جانے کے لیے پر عزم ہے۔